Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

18 نومبر، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

ہم امید کرتے ہیں کہ آپ اور آپ کے پیارے محفوظ اور خیریت سے ہیں۔

نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم میں ہم سب کو طلبا اور معلمین کے دوبارہ ملنے اور اس سال تعلیم حاصل کرنے کی مسرت کا مشاہدہ کرنے پر فخر ہے۔ ہم قوم کا وہ واحد بڑا اسکول ضلع ہیں جنہوں نے اپنی عمارتوں کو دوبارہ کھولا تھا۔ اسکول کی برادریوں کے لیے تعلیم حاصل کرنے، نشوونما پانے اور ایک دوسرے کی معاونت کرنے کے لیے ذاتی طور پر موجودگی میں دوبارہ ملنا لاکھوں طلبا کے لیے نہایت فائدہ مند رہا ہے۔

سارا وقت، ہم جو کچھ کرتے ہیں اس میں صحت اور تحفظ ہماری اولین ترجیح رہی ہے۔ اس میں شہر بھر میں COVID-19 کے پھیلاؤ کی شرح کی احتیاط سے نگرانی کرنا، ضرورت پڑنے پر انفیکشن پر ردِ عمل میں، عارضی طور پر ہماری اسکول کی عمارتوں کو بند کرنا اور طلبا کو مکمل ریموٹ تعلیم میں منتقل کرنا شامل ہے۔

حال ہی میں پھیلاؤ میں اضافہ ہونے کی وجہ سے، ہم ہمارے شہر میں انفیکشن کی شرح کے اس نقطہ پر پہنچے ہیں جو تمام طلبا کو ریموٹ تعلیم میں منتقل کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔ **جمعرات، 19 نومبر** سے اسکول کی تمام عمارتیں بند ہوں گی، مزید اطلاع دینے تک ہم تمام طلبا کے لیے تعلیم کو ریموٹلی کریں گے۔ آپ اپنے لیے اور اپنے طالبِ علم کے لیے اگلے اقدامات کے بارے میں اپنے پرنسپل سے جلد ہی اطلاع موصول کریں گے۔ براہِ کرم نوٹ کریں کہ یہ عارضی طور پر بند ہیں، اور اسکول کی عمارتوں کو جلد از جلد دوبارہ کھولا جائے گا جب ایسا کرنا محفوظ ہو گا۔

مجھے یقین ہے کہ آپ کے کئی سوالات ہوں گے، اور ذیل میں آپ کچھ جوابات دیکھنے کے لیے کچھ اہم رہنمائی دیکھ سکتے ہیں۔ ہمیشہ کی طرح، ہم آپ کے بچے کے لیے تعلیمی عمدگی، برادری کی تعمیر، اور سماجی - جذباتی معاونت فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہیں—چاہے یہ کہیں سے بھی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

ریموٹ لرنگ کے لیے آلات

کیا آپ کو ایک آلے کی، تکنیکی معاونت کی، یا ٹوٹے ہوئے آلے کی مرمت کرنے کی ضرورت ہے یا آپ کو آلہ کھو جانے یا چوری ہوجانے کا مسئلہ درپیش ہے؟ محکمئہ تعلیم کے IT ہیلپ ڈیسک سے 718-935-5100 پر رابطہ کریں اور مدد کے لیے 5 دبائیں۔

آپ آن لائن بھی فوری مدد حاصل کر سکتے ہیں:
- تکنیکی معاونت کے موضوعات کو ملاحظہ کریں: schools.nyc.gov/technicaltools
- تکنیکی معاونت کا ایک ٹکٹ درج کروائیں: schools.nyc.gov/techsupport
- ایک آلے کی درخواست کریں: schools.nyc.gov/devices
- محکمئہ تعلیم کے جاری کردہ آئی پیڈ کے لیے مدد حاصل کریں: schools.nyc.gov/ipadfixes
- آپ کے انٹرنیٹ کنیکشن میں مسئلہ ہے: schools.nyc.gov/internet

ہم یہ یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہیں کہ ہر بچہ ہفتے میں 5 دن تعلیم حاصل کرے۔ اگر آپ کے پاس فی الوقت ایک آلہ نہیں تو آپ کے بچے کا اسکول آپ کو کاغذ پر کام فراہم کر کے آپ کی اعانت کرے گا۔ مزید معلومات کے لیے اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔

طلبا اور اہلِ خانہ کے لیے مفت کھانے

تمام اہلِ خانہ اور طلبا ہفتے کے ایام کے دوران صبح 9:00 اور دوپہر بارہ بجے تک کسی بھی اسکول کی عمارت سے تین مفت لیں اور جائیں (گریب اینڈ گو) کھانے لے جانا جاری رکھ سکتے ہیں۔ کوئی بھی شناخت یا رجسٹریشن ضروری نہیں ہے۔ کچھ مقامات پر حلال اور کوشر کھانے دستیاب ہیں، جن کی فہرست ذیل پر دستیاب ہے schools.nyc.gov/freemeals.

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

سہ پہر 3 تا شام 5 بجے کے دوران، نیو یارک شہر کے تمام عمر کے مکین شہر بھر میں 260 کمیونٹی میلز سائٹس سے مفت کھانے لے جا سکتے ہیں۔ مقامات کی فہرست کے لیے براہِ کرم ذیل پر جائیں .schools.nyc.gov/freemeals

لرننگ بریجز

لرننگ بریجز، K-3 تا گریڈ 8 کے بچوں کے لیے شہر کا بچوں کو مفت نگہداشت فراہم کرنے کا پروگرام ہے، جو مخلوط (بلینڈڈ) تعلیم میں مندرج خداندانوں کو خدمات فراہم کرنا جاری رکھے گا۔ ہم اہم ملازمین کے بچوں کے ساتھ ساتھ عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے یا NYCHA ڈولپمنٹ میں رہائش پذیر، عارضی نگہداشت والے بچوں یا بچوں کی بہبود کی خدمات موصول کرنے والے، اور معذوری کے حامل طلبا کو ترجیح دینا جاری رکھیں گے۔ اہلِ خانہ schools.nyc.gov/learningbridges پر مزید جان سکتے ہیں اور درخواست دے سکتے ہیں، اور جیسے نشستیں دستیاب ہوں گی خاندانوں کو نئی پیشکشیں ہفتہ وار بنیاد پر کی جائیں گی۔

ابتدائی طفلی تعلیم

ضلعی اسکولوں کے K-3 اور پری کنڈر گارٹن کلاس رومز اور محکمئہ تعلیم پری کنڈر گارٹن مراکز بند ہوں گے۔ اگر آپ کا بچہ برادری میں واقع مرکز کے ایسے پروگرام میں جاتا ہے جو ایک پبلک اسکول میں واقع نہیں ہے یا فیملی چائلڈ کئیر کے ایسے پروگرام میں شرکت کرتا ہے جو محکمئہ تعلیم نیٹ ورک کا حصہ ہے تو وہ کھلے رہیں گے۔ اگر آپ کو معلوم نہیں کہ آپ کا بچہ کس قسم کے پروگرام میں شرکت کرتا ہے یا آپ کے اپنے بچے کی خدمات کے بارے سوالات ہیں، براہِ کرم اپنے پروگرام سے براہِ راست رابطہ کریں۔ اس بات یقینی بنانے کے لیے کہ یہ جگہیں حفاظت سے کام کرتی رہیں قوی معاونتیں دستیاب ہیں۔

خالانکہ ہم تمام طلبا کے لیے عارضی طور پر ریموٹ تعلیم و تدریس میں منتقل ہو رہے ہیں، اگر آپ نے اپنے بچے کو حال ہی میں مخلوط (بلینڈڈ) تعلیم میں مندرج کروانے کا انتخاب کیا ہے تو آپ کا بچہ ذاتی طور پر موجودگی میں تعلیم حاصل کرنے کا آغاز اس وقت کرے گا جب ہم دوبارہ کھلیں گے۔ میں جانتا ہوں کہ آپ میں سے کئی افراد کے لیے، اسکول کی ان عمارتوں کو عارضی طور پر بند کرنے کا فیصلہ نہایت مایوس کن ہو گا جن کو ہم نے حال ہی میں کھولا تھا، اور میں سمجھ سکتا ہوں۔ لیکن ان دشواریوں سے ایک ساتھ مل کے نمٹ کر ہم COVID-19 کے خلاف جنگ کو جاری رکھ سکتے ہیں۔ اور مجھے یقین ہے کہ جلد ہی ہم اپنی اسکول کی عمارتوں کو حفاظت کے ساتھ دوبارہ کھولنے کے قابل ہوں گے۔

براہ کرم "چاربنیادیں" یاد رکھیں: اپنے ہاتھ دھوئیں، چہرے کا ماسک پہنیں، دوسروں سے چھ فٹ کا فاصلہ رکھیں، اور اگر آپ بیمار محسوس کریں تو گھر پر رہیں۔ یہ نہایت اہم اقدامات ہیں جن کو ہم سب ہر روز کر سکتے ہیں۔

ہم اس تبدیل ہوتے ہوئے عوامی طبی بحران کے دوران تازہ ترین خبریں فراہم کرنا اور محکمئہ تعلیم خاندان میں آپ اور ہر ایک فرد کی معاونت کرنا جاری رکھیں گے۔ اس دوران، برائے مہربانی اپنے کسی بھی سوالات یا تشویشات کے لیے اپنے بچے کے اسکول سے بلاجھجک رابطہ کریں۔ آپ کی شراکت اور جو کچھ بھی آپ ہمارے شہر کے لیے کرتے ہیں اس کے لیے ہم آپ کے مشکور ہیں۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمئہ تعلیم